نیوز ریلیز

لِیگل ایڈ کو مزید البرٹنز کیلئے قابلِ رسائی بنانا

14 فروری، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت مالی اہلیت کے رہنما اصولوں میں اضافہ کر رہی ہے تاکہ البرٹا کے مزید لوگ لِیگل ایڈ کیلئے اہل ہو سکیں اور انہیں وہ قانونی مدد حاصل ہو سکے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

البرٹا کے نہایت کمزور شہریوں میں سے کچھ کی مدد کرکے لِیگل ایڈ انصاف کے انتظام و انتصرام میں ایک مکمل کردار ادا کرتی ہے۔ یہ خاندانی قانون، خاندانی تشدّد کے معاملات، بچوں کی فلاح و بہبود، امیگریشن، بشمول کم آمدنی والے البرٹنز کے نوجوانوں اور بالغوں کے مجرمانہ دفاع میں قابل استطاعت قانونی خدمات فراہم کرتی ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ مزید البرٹنز کو قانونی لِیگل ایڈ سروسز تک رسائی حاصل ہے، البرٹا کی حکومت اہلیت کیلئے آمدنی کی حد میں اضافہ کر رہی ہے، جسے مالی اہلیت کے رہنما اصول بھی کہا جاتا ہے، اور اس حد کو 24,456 ڈالر (مجموعی) فی سال سے 30,000 ڈالر (مجموعی) فی سال کر رہی ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ 30,000 ڈالر (مجموعی) فی سال تک کمانے والا شخص لِیگل ایڈ سے اپنی نمائندگی حاصل کرنے کا اہل بن سکتا ہے، اس طرح مزید البرٹنز کیلئے لِیگل ایڈ سروسز تک رسائی کے دروازے کُھل رہے ہیں۔

اہلیت کے نئے رہنما اصول 1 اپریل سے نافذ ہوں گے۔

"لِیگل ایڈ لوگوں کی زندگیوں میں ان کے کچھ مشکل ترین اوقات میں مدد کرتی ہے۔ خواہ وہ بچے کی کفالت کیلئے لڑنے والے والدین ہوں یا گھریلو تشدّد سے بچ نکلنے والا ازدواجی شریک جو بدسلوکی کرنے والے ازدواجی شریک سے بھاگ رہا ہو، عدالتوں کے سامنے انصاف کا انحصار کسی بھی فرد کے بینک اکاؤنٹ کے حجم پر نہیں ہونا چاہئے۔ مالی اہلیت کے رہنما اصولوں میں اضافہ کرنے سے مزید البرٹنز لِیگل ایڈ کیلئے اہل ہو جائیں گے اور جب انہیں ضرورت ہوگی وہ مدد حاصل کر سکیں گے۔"

مِکی ایمری (Mickey Amery)، وزیرِ انصاف اور اٹارنی جنرل

"50 سالوں سے، لِیگل ایڈ البرٹا نے البرٹنز کے قانونی مسائل حل کرنے میں مدد کی ہے۔ ہماری خدمات تک رسائی کو بڑھانے کا مطلب ہے کہ مزید البرٹنز قانونی سسٹم کی پیچیدگیوں سے نمٹنے کیلئے وہ مدد حاصل کرنے کے قابل ہوں گے جس کی انہیں ضرورت ہو۔ یہ ان البرٹنز کیلئے انصاف تک رسائی کو بہتر بنانے کیلئے ایک اہم قدم ہے جو تنخواہ کے ایک چیک سے دوسرے چیک تک گزارہ کرتے ہیں۔"

جَین پالو (جان) پینوسا (Gianpaolo (John) Panusa)، صدر اور سی ای او، لِیگل ایڈ البرٹا

Classification: Public

البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے کہ البرٹنز کو ایک مؤثر اور قابل استطاعت انصاف کے نظام تک رسائی حاصل ہے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے لِیگل ایڈ البرٹا کی مدد جاری رکھے گی کہ یہ اہم خدمات ان لوگوں کیلئے قابل رسائی ہیں جنہیں ان کی ضرورت ہے۔

فوری حقائق

- لیگل ایڈ البرٹا نے 2022ء-23ء میں 35,449 کلائنٹس کی خدمت کی۔
- حکومت البرٹا، البرٹا لاء فاؤنڈیشن اور وفاقی حکومت لِیگل ایڈ کو سرمایہ فراہم کرتی ہیں۔

متعلقہ معلومات

- لِیگل ایڈ البرٹا
- لاء سوسائٹی آف البرٹا
- گورنینس کا معاہدہ

متعلقہ خبریں

- لِیگل ایڈ کے وکلاء کیلئے شرح محاصل میں اضافہ کرنا (21 دسمبر، 2022ء)
- لِیگل ایڈ کو جدید بنانا (5 اکتوبر، 2022ء)

میڈیا انکوائریز

چینانائے انوکوریو (Chinenye Anokwuru)

780-720-1915
سینئر پریس سیکریٹری، جسٹس